Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۸ مطبوعہ مورخہ روز شنبہ تاریخ ۱۶ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء جلد ۵۴

(حصہ دویم)

احکام اجلاس عالی ممبران منسٹرز و سکریٹرز صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالیہ ممبران جنرل صاحب چیف منسٹر بہادر	۱ تا ۴
۲	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور	۵ تا ۷
۳	حکم سول جج صاحب	۸
۴	نقشہ موسمی حالات	۹
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۰

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۵ جولائی ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رام پور میں شائع کئے جانے کی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

مررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اشاعت گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ عالیہ دار الانشار کو واپس بھیجے جاویں

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۷۰ فقرہ (د) قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور بہ نسبت نوٹیفکیشن نمبری ۵۰۳ - او - آر - ۱۱۰۰۴ مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند مطبوعہ گزٹ ۱۰ مئی ۱۹۴۱ء جملہ ایسے اشخاص یا طبقہ اشخاص مندرجہ ضمیمہ منسلکہ نوٹیفکیشن نمبری ۵۰۲ - او - آر - ۱۰۱ مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۴۱ء مجریہ محکمہ مذکورہ بالا کو باغراض حصہ پانزدہم قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء دشمن قرار دیتی ہے۔

حکم

واقع ۵ جولائی ۱۹۴۱ء

تین قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب گورنمنٹ رام پور منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ عالیہ دار الانشار کو واپس بھیجے جائیں

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند بابت ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء کے قاعدہ ۱۳۰ الف فقرہ (الف) کے بجائے فقرہ (الف) کا اندراج مضمون مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۵۰۲ - او - آر - ۲۰ مورخہ ۷ جون ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند بابت ریاست رامپور

گورنمنٹ رام پور قواعد تحفظ ہند سنہ ۱۹۳۹ء کے قاعدہ ۸۰ الف تحتی قاعدہ (۱) میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۱۸۰-۱-آر-۴۱ مورخہ ۸ر جون سنہ ۱۹۴۱ء محکمہ ڈیفنس کو آرڈینیشن ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات حکومت دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رام پور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند سنہ ۱۹۳۹ء کے قاعدہ ۱۱۲ میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۴۵-۸-۱-و-آر-۴۱ مورخہ ۸ر جون سنہ ۱۹۴۱ء منظور کرتی ہے۔

حکم

واقع ۸ر جولائی سنہ ۱۹۴۱ء

مسودات ترمیم قانون صرافہ ریاست رام پور سنہ ۱۹۴۱ء و ترمیم قانون شہادت بہی کھاتہ جات مہاجنان سنہ ۱۹۴۱ء منسلکہ ہذا بغرض حصول رائے عامہ اسٹیٹ گزٹ میں شائع کئے جائیں۔ بعد تعمیل سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس کے مرسلہ بحالہ سادہ اشاعت کاغذات ہذا واپس اجلاس کئے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

بخدمت شریف عالیمرتبت جناب چیف منسٹر صاحب بہادر۔

جناب من۔

منجانب کمیٹی ترمیم وتنسیخ قوانین ریاست رام پور قوانین شہادت بہی کھاتہ جات مہاجنان و صرافہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء میں ترمیم کئے جانے کی تحریک ہوئی تھی جسکی منظوری بتاریخ ۲۲ر جون سنہ ۱۹۴۱ء اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم سے صادر ہو چکی ہے۔ لہٰذا مسودات قانون ترمیم شہادت بہی کھاتہ جات مہاجنان و ترمیم قانون صرافہ ریاست رام پور سنہ ۱۹۴۱ء ارسال خدمت والا ہیں۔ براہ کرم ہر دو مسودات قوانین کے متعلق تحت قاعدہ ۵۰ ضمن (۱) قواعد انضباط وطریق کارروائی مجلس مقننہ بغرض حصول رائے عامہ اشاعت گزٹ کی کارروائی فرمائی جائے۔ اصل کاغذات بعد کارروائی اشاعت گزٹ دفتر ہذا کو واپس فرمائے جائیں۔ نیازمند۔ دستخط صاحب سکریٹری مجلس مقننہ

نوٹ:۔ مسودات مندرجہ بالا گزٹ کے آخر میں شامل ہیں۔

حکم

قبل ازیں اجلاس ہمایوں سے بابت سبکدوشی صاحبزادہ سید واجد علی خاں بہادر سکریٹری صنعت وحرفت از ۴ر جولائی سنہ ۱۹۴۱ء و تقرر مسٹر صدیق علیخاں صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ سکریٹری بعہدہ سکریٹری صنعت وحرفت بطور عارضی تا حکم ثانی جو روبکار مصدرہ ۳ر جولائی سنہ ۱۹۴۱ء جاری ہوا ہے انہیں صراحت ہے کہ صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر ۴ر جولائی سنہ ۱۹۴۱ء کو عہدہ سکریٹری صنعت وحرفت کا باقاعدہ چارج لے لیں چونکہ صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر رخصت پر ہیں۔ لہٰذا ارشاد ہمایوں ہے کہ صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل ۸ر جولائی سنہ ۱۹۴۱ء کو صاحبزادہ سید واجد علیخاں بہادر سکریٹری صنعت وحرفت سے چارج لے لیں اور جب مسٹر صدیق علیخاں صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ سکریٹری رخصت سے واپس آجائیں تو صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل عہدہ سکریٹری صنعت وحرفت کا چارج انہیں دیدیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور نقل درج گزٹ ہو۔ ۸ر جولائی ۱۹۴۱ء
دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

۷ر جولائی ۱۹۳۷ء

تقاریب کے سلسلہ میں بکثرت سامان کی مانگ ہوتی ہے درانحالیکہ کثرت استعمال سے کارخانجات میں سامان وغیرہ کی بیحد کمی ہو گئی ہے۔ اکثر اشخاص اپنے عزیزوں دوستوں کیواسطے سامان مانگتے ہیں۔ نیز یہ کہ اکثر درخواستیں تاریخ معینہ پر یا صرف ایک دو روز قبل پیش ہوتی ہیں اور درخواست دہندہ بوجہ عجلت منظوری درخواست کیلئے دوڑ دھوپ کرتا ہے جس سے اہلکاران کو دیگر ضروری کار سرکاری کی انجام دہی میں دشواری اور رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ کارخانجات میں بھی وقت اور بے وقت درخواستیں لیجاتے ہیں اور انہیں مجبور کرتے ہیں کہ سامان فوراً دیا جائے۔ بیشتر تقاریب کا تعین بہت قبل سے ہوتا ہے اگر اسی وقت درخواستیں بھی دیدی جایا کریں تو اسکی نوبت نہ آئے کہ خلاف اوقات حصول منظوری وغیرہ کیلئے دوڑنا پڑے۔

قبل ازیں امور متذکرہ صدر کے متعلق بحکم ۳ر اکتوبر ۱۹۳۶ء مطبوعہ گزٹ ۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۶ء و حکم مورخہ ۱۳ر مئی ۱۹۳۷ء مطبوعہ گزٹ ۵ر جون ۱۹۳۷ء نیز دیگر احکام کے ذریعہ سے ہدایات و اطلاعات جاری کیجا چکی ہیں لیکن پابندی نہیں کیجاتی۔ لہذا حکم آخر دیا جاتا ہے کہ:-

حکم مجریہ ۳ر اکتوبر ۱۹۳۶ء و ۱۳ر مئی ۱۹۳۷ء کی سختی کیساتھ پابندی کیجائے۔ صاحبان متعلق مندرجہ حکم ۳ر اکتوبر ۱۹۳۶ء کے علاوہ اور کسی درخواست پر لحاظ نہیں کیا جائیگا۔ عزیزوں میں صرف حقیقی بھائی بہن۔ بھتیجہ بھتیجی۔ بھانجہ۔ بھانجی۔ پوتہ۔ پوتی۔ نواسہ نواسی جنکا کہ درحقیقت درخواست دہندہ ہی کفیل و جملہ اخراجات کا ذمہ دار ہو انکی تقریب کے لئے عطائے سامان کی درخواست پر غور کیا جا سکیگا۔ ان کے علاوہ دیگر رشتہ داروں اور دوستوں کے واسطے کارخانجات سے سامان نیز گاڑیاں وغیرہ نہیں دلائی جائینگی۔ کارخانجات میں سلسلہ درخواستہائے برائے سامان ناوقت گودام نہ لیے جایا کریں۔ موسم برسات میں عام طور پر خیمہ، چھولداری، شامیانہ اور قنات بھی نہیں دیجائینگی۔ افسر صاحبان بھی براہ کرم احکام مجریہ کا لحاظ فرمائیں۔ غیر مستحق صاحبان کی درخواستوں پر سفارش نہ فرمائی جایا کرے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر۔

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ رامپور

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور من ابتدائے ۴ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ء لغایتہ ۱۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ء بغرض اشاعت اسٹیٹ گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ پریس مرسلہ۔

۱۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ء (دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر)

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۸ر جولائی	جمعہ	تعطیل جمعہ	.	.	.
۸ ر ر	شنبہ	عالی مرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام وزیر احمد خاں وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۶۷ تعزیرات رامپور	وزیر احمد خاں اور سید جمال شاہ ملزمان حاضر بثبوت جرم دفعہ ۳۶۷ تعزیرات رامپور قید دو سال قید سخت میں رہیں۔ صابر خاں بعدم ثبوت بری ہو۔
ر ر	ر	عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	سعادت اللہ خاں بنام حبیب اللہ خاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی واپسی زرِ رہن	جزو بیان مدعی قلمبند ہوا۔ بقیہ جرح کے لئے مسل ۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ء کو پیش ہو۔
۹ ر ر	یکشنبہ	”	سماۃ رام دئی ڈگری دار بنام بابو رام وغیرہ مدیونان	اجراء ڈگری سیول زرِ ڈگری	ٹکٹ طلبانہ دربیان آرڈر ۲۱ قاعدہ ۲۲ ضابطہ دیوانی داخل ہوگیا۔ نوٹس تصفیہ شرائط نیلام بتعین ۱۹ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء بنام مدیون بصیغہ رجسٹری جاری ہو۔
ر ر	ر	”	نند کشور وغیرہ بنام مشیت اللہ	اجراء ڈگری سیول زرِ ڈگری۔	اشتہار نیلام بتعین ۲۳ اگست سنہ ۱۹۲۱ء جاری ہو۔ مسل ۲۰ اگست سنہ ۱۹۲۱ء کو پیش ہو
ر ر	ر	عالی مرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	صدیق حسن بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۴۵۲ و ۳۸۰ تعزیرات رامپور	بحث وکیل اپیلانٹ اور ایڈووکیٹ صاحب سرکار سماعت ہوئی۔ تجویز کے لئے ۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ء پیش ہو۔
ر	ر	”	کلو بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ... تعزیرات رامپور	بشرح صدر
۸ ر ر	دوشنبہ	”	”	”	اپیل نامنظور ہو تجویز و حکم سزا مجوزہ عدالت ماتحت بحال ہو۔
ر ر	ر	”	صدیق حسن بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۴۵۲ و ۳۸۰ تعزیرات رامپور	بشرح صدر
ر ر	ر	عالی مرتبت مسٹر جسٹس ... و عالی مرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	چھوٹے لال وغیرہ بنام رام گوپال	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۳ و ۴۲۶ تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا نامنظور ہو۔
ر ر	ر	”	رام گوپال بنام چھوٹے لال وغیرہ	نگرانی ازدیاد سزا بجرم دفعہ ۳۲۳ و ۴۲۶ تعزیرات	بشرح صدر

۷ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء	دوشنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	سعادت اللہ خاں بنام حبیب اللہ خاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی واپسی زر ثمن	بیان مدعی کی جرح قلمبند کی گئی بقیہ جرح کے لئے مسل ۹؍ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء کو پیش ہو۔
۸ ״	سہ شنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام امجد علی خاں وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	آج ملزمان کو فرد جرم سنائی گئی اور پانچ کس گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے وقت اجلاس ختم ہو۔ بقیہ ثبوت کے لئے ۹؍ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء پیش ہو۔
״ ״	״	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام سریرام۔	اپیل برأت فوجداری بجرم دفعہ ۵ ایکٹ مسکرات	بحث صاحب اسسٹنٹ ایڈوکیٹ و وکیل ملزم سماعت ہوئی زیر تجویز رہے۔
۹ ״	چہارشنبہ	״	علی حسین بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۵ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز رہے۔
״ ״	״	״	سوہن سنگھ وغیرہ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۹۵ تعزیرات رامپور	ایضاً
״ ״	״	عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	سعادت اللہ خاں بنام حبیب اللہ خاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی واپسی زر ثمن	جرح مدعی قلمبند کی گئی اب ہم کو مقدمات بنچ میں شرکت کرنا ہے لہذا مسل ہذا کل ۱۰؍ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء کو پیش ہو
״ ״	״	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام امجد علی خاں وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	آج چھ کس گواہان ثبوت کے بیان قلمبند ہوئے حسب استدعا ایڈوکیٹ ملزمان بقیہ ثبوت و استفسار ملزمان و صفائی کے لئے ۱۲؍ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء مقرر ہو۔
״ ״	״	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	بابو پرشاد بنام سرکار بہادر	درخواست ضمانت زیر دفعہ ۴۹۸ ضابطہ فوجداری	درخواست سائل نامنظور ہو۔
۱۰ ״	پنجشنبہ	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالی مرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام چھیلا خاں و فاروق خاں	نگرانی از دیاد سزا بجرم دفعہ ۳۲۶ و ۳۲۶/۱۰۹ تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا منظور ہو کر حکم عدالت ماتحت ترمیم ہو کر چھیلا خاں ملزم بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۲۶ تعزیرات رامپور دو سال قید سخت کا سزایاب ہو اور فاروق خاں ملزم بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۲۶ بالحاق دفعہ ۱۰۹ تعزیرات رامپور دو سال قید سخت کا سزایاب ہو۔
״ ״	״	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری۔	سرکار بہادر بنام سریرام	اپیل برأت فوجداری بجرم دفعہ ۵ حصہ د ایکٹ مسکرات	اپیل برأت نامنظور ہو۔
״ ״	״	״	سوہن وغیرہ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۹۵ تعزیرات رامپور	نگرانی نامنظور ہو۔
״ ״	״	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	سرکار بہادر بنام نرائن وغیرہ	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۹۷ و ۳۹۵ تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا بسفارش عالیمرتبت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر منظور ہو حکم ضبطی اشیاء آمدہ ضلع غیر منسوخ ہو۔

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء	پنجشنبہ	بیج عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیجناب مسٹر جسٹس محمد عبدالحق صاحب	محمد علیخاں بنام عبدالحکیم خاں وغیرہ	نگرانی از ڈگری فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۴ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی واسطے تجویز کے ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء پیش ہو۔
"	"	"	عبدالجلیل خاں بنام محمد میاں	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۹ تعزیرات رامپور	بشرح صدر
"	"	"	عبدالحکیم خاں وغیرہ بنام محمد علی خاں	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۹ تعزیرات رامپور	"
"	"	عالیجناب مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر انفرادی	عطاء اللہ بنام حبیب اللہ خاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی واپسی زر رہن	جرح مدعی ختم ہوگئی بقیہ شہادت مدعی کے لئے تاریخ مقرر ہو۔
"	"	عالی مرتبت مسٹر جسٹس مولوی امجد علی صاحب بہادر	سرکار بنام رحمن	جرم دفعہ ۳۶۷ و [illegible] حسب دفعہ ۴۹۰	بحث سماعت ہوئی تجویز میں رہے۔

حکم سول جج صاحب

نمبر مسل منفصلہ ۳۰ جون ۱۹۲۱ء

نکن خاں ولد خان بہادر قوم شیخ سکنہ ناگتکار تحصیل ختو مریون دیوالیہ سائل۔

بنام

لالہ لنٹر لال ڈگریدار ولد گوری مل محلہ چاہ انجھا رام و ۲ مجّی مل عرف تنخو مل ولد لالہ مل ساکن محلہ گنجقدیم ۳ لالہ تنخو مل ولد مل ساکن گنجقدیم ۴ پرسو تم ولد شب چند ساکن گنجقدیم و ۵ بانکے لال ولد رام سروپ ساکن گنجقدیم ۶ شراقت ولد ونا ساکن بلاسپور دروازہ ۷ صابر ولد حافظ حیدر محلہ پنجابیان ۸ جو گل کشور ولد موہن لال ساکن سنن گنج ۹ حافظ محمد جان ولد احمد جان دکاندار ساکن کنہ شر خانہ ۱۰ پنڈت رام سروپ ولد رام پرشاد قوم برہمن ساکن گنجقدیم ۱۱ بہوری بیگم بنت کریم اللہ قوم شیخ مریون ساکن نانکار ۱۲ لگان آراضی سال ۱۳۳۰ف فریق ثانیان۔

درخواست دیوالیہ حسب دفعہ ۳ قانون دیوالیہ

حکم ہوا کہ

درخواست سائل منظور ہو۔ سائل کو دیوالیہ قرار دیاجاتا ہے اور چھ ماہ کی مدت درخواست ڈسچارج پیش کرنے کو دیجاتی ہے۔ ۳۰ جون ۱۹۲۱ء

(دستخط سول جج صاحب)

نقشہ موسمی حالت جو پنوڑیہ سیڈ اسٹور پر ۸ بجے صبح ریکارڈ کیا ۴ جولائی لغایت ۱۰ جولائی

تاریخ	ہوا کا رخ	ہوا کا دباؤ انچوں میں	بارش: گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	بارش: از دن ۱۵ جون	بارش: از دن ۱۲ اکتوبر	بارش: از دن یکم جنوری	درجہ حرارت ۸ بجے صبح	زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت	کم سے کم درجہ حرارت	ہوا میں رطوبت کا اوسط	موسمی حالت	کیفیت
۴ جولائی ۱۹۲۱ء	شمال مشرق	۲۸٫۹۲"	کچھ نہیں	٫۶۳ انچ	۱۰٫۱۲ انچ	۹٫۴۴ انچ	۸۸ - درجہ	۱۰۳ درجہ	۸۱ درجہ	۶۳ فیصدی	مطلع ابر آلود رہا اور ہوا ٹھنڈی رہی	
۵ جولائی "	شمال مشرق	۲۸٫۹۰"	"	" ٫۶۳	" ۱۰٫۱۲	" ۹٫۴۴	" ۸۶	" ۱۰۰	" ۸۲	۶۲ فیصدی	" "	
۶ جولائی "	مشرق	۲۸٫۸۹"	٫۱۲ انچ	" ٫۷۵	" ۱۰٫۲۴	" ۹٫۵۶	" ۸۶	" ۱۰۰	" ۷۸	۶۷ فیصدی	مطلع ابر آلود رہا ہوا ...	
۷ جولائی "	جنوب مشرق	۲۸٫۸۹"	کچھ نہیں	" ٫۷۵	" ۱۰٫۲۴	" ۹٫۵۶	" ۸۸	" ۹۸	" ۸۱	۷۹ فیصدی	مطلع صاف رہا اور رطوبت رہی	
۸ جولائی "	مغربی ہوا چلی	۲۸٫۸۳"	"	" ٫۷۵	" ۱۰٫۲۴	" ۹٫۵۶	" ۸۹	۱۰۲	" ۸۲	۶۷ فیصدی	" "	
۹ جولائی "	جنوب مغربی ہوا	۲۸٫۶۷"	"	" ٫۷۵	۱۰٫۲۴	" ۹٫۵۶	" ۹۰	" ۱۰۴	" ۸۲	۵۷ فیصدی	دن میں آسمان صاف رہا اور رات میں ابر رہا	
۱۰ جولائی "	جنوب مشرق	۲۸٫۶۹"	٫۱۱ انچ	" ٫۸۶	" ۱۰٫۳۵	" ۹٫۶۷	" ۸۲	" ۱۰۸	" ۷۸	۷۰ فیصدی	مطلع ابر آلود رہا اور رات میں بارش ہوئی	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ دویم ماہ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء

کیفیت	تحصیل ٹانڈہ	تحصیل سوار	تحصیل بلاسپور	تحصیل شاہ آباد	تحصیل ملک	حضور تحصیل	نام اجناس
	۰۹ ثار		۹ ثار	۰۹ ثار	۹ ر ثار	۸۰ ثار ۹ ثار	گندم
	۱۲ ثار		۱۱ ثار	۱۱۰ ثار	۱۱ ثار	۱۰ ثار ۱۱ ثار	نخود خالص
	۔		۱۱۰ ثار	۱۱۰ ثار	۔	۱۱ ثار	نخود کسہ آمیز
	۱۳ ثار		۱۲ ثار	۱۳ ثار	۔	۱۲ ثار	کسہ
	۷ ثار		۷ ثار	۰۶ ثار	۰۶ ثار	۷ ثار ۸ ثار	ماش
	۶ ثار		۶ ثار	۔	۔	۶ ثار ۷ ثار	مونگ
	۔		۱۲ ثار	۔		۱۱۰ ثار	مکا
	۱۶ ثار		۱۳ ثار	۔	۱۱ ثار	۱۶۰ ثار	جئی
	۱۳ ثار		۱۳ ثار	۔	۱۱ ثار	۱۵ ثار	گوجئی
	۹ ثار		۱۰ ثار	۱۱۰ ثار	۱۲ ثار	۱۰۰ ثار	مسور
	۱۲ ثار		۱۳ ثار	۱۲ ثار	۱۳ ثار	۱۱ ثار	ارہر
	۶ ثار		۰۵ ثار	۶ ثار	۶ ثار	۵ ثار	برنج
	۱۱ چھٹانک		۱۱ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	۱۱ چھٹانک	۰۱۱ ثار ۰۱۲ ثار	روغن زرد
	۔		۳ ثار	۲ ثار	۔	۱۰ ثار	روغن کنجد
	۳ ثار		۲ ثار	۰۳ ر ثار	۰۲ ر ثار	۰۳ ثار ۰۲ ر ثار	روغن سیاہ
	۹ ثار ۱۰ ثار		۹ ثار ۱۰ ثار	۹ ثار ۱۰ ثار	۱۰ ثار ۹ ثار	۹ ثار ۱۰ ثار	نمک سامبر
	۷ ثار		۶ ثار	۷ ثار	۷ ثار	۵ ثار	نمک تہری
	۱۰ ثار		۸ ثار	۱۰ ثار	۶ ثار	۱۰۰ ثار	قند سیاہ
	۔		۔	۔	۔	۔	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

مسودہ ترمیم قانون صرّافہ ریاست رامپور ۱۹۴۱ء

(بغرض حصول رائے عامہ)

۱۔ ہرگاہ یہ قرینِ مصلحت ہے کہ قانونِ صرّافہ ریاست رامپور ۱۹۳۲ء میں ترمیم کیجائے۔ لہٰذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

۲۔ یہ قانون "ترمیم قانون صرّافہ ریاست رامپور ۱۹۴۱ء" کے نام سے موسوم ہوگا۔

۳۔ قانونِ ہذا کل ریاست رامپور میں سرکاری گزٹ میں شائع ہونیکی تاریخ سے نفاذ پذیر ہوگا۔

۴۔ قانونِ صرّافہ کی موجودہ عبارت تمہیدی کی بجائے حسب ذیل عبارت قائم کیجائے۔

"ہرگاہ ریاست رامپور میں کوئی قانونِ صرّافہ اب تک نافذ نہیں ہے اور یہ قرینِ مصلحت ہے کہ ریاست رامپور کے صرّافوں کے لئے عام ہدایات جاری کیجائیں اور رعایائے رامپور کے مفاد کا تحفظ کیا جائے لہٰذا حسبِ ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔"

۵۔ دفعہ ۳ "منسوخ"

۶۔ دفعہ ۵ کی سطر ۳ میں لفظ "اسکو" قلمزد ہوگا اور بجائے اس کے یہ الفاظ "گروی رکھنے والے" تحریر کئے جاینگے اور اسی دفعہ کی سطر ۶ کا آخر لفظ "گروی" اور سطر ۷ کے شروع کے الفاظ "رکھنے والے کو" قلمزد کئے جائیں۔

مسودہ ترمیم قانون شہادت بہی کھاتجات مہاجنان ۱۹۴۱ء

بغرض حصول رائے عامہ

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانون شہادت بہی کھاتجات مہاجنان ۱۹۳۲ء میں ترمیم کیجائے۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون "ترمیم قانون شہادت بہی کھاتجات مہاجنان ۱۹۴۱ء" کے نام سے موسوم ہوگا۔

دفعہ ۲۔ قانون ہذا کل ریاست رامپور میں سرکاری گزٹ میں شائع ہونے کی تاریخ سے نفاذ پذیر ہوگا۔

دفعہ ۳۔ دفعہ ۲ میں بجائے ہندسہ ۴ کے ہندسہ ۲ تحریر ہوگا۔

دفعہ ۴۔ دفعہ ۲ ضمن ۲ تحتی (ب) میں لفظ "کھاتوں" کے بعد اور الفاظ "قانون ہذا" سے قبل حرف "پر" اضافہ ہوگا۔

دفعہ ۵۔ دفعہ ۲ ضمن ۲ سطر ۳ میں لفظ "بنک" کے بعد حرف "کو" کی بجائے حرف "پر" تحریر ہوگا۔ اور دفعہ مذکور کی پانچویں سطر میں حرف "کی" جو لفظ "احکام" کے بعد ہے قلمزد ہوگا۔

دفعہ ۶۔ دفعہ ۷ ضمن (۱) کے شروع میں حرف "یہ" قلمزد ہوگا۔

دفعہ ۷۔ دفعہ ۷ ضمن (۲) سطر ۲ میں بجائے لفظ "دلایا" کے لفظ "دلائے" تحریر ہوگا۔

دفعہ ۸۔ دفعہ ۷ ضمن (۳) میں لفظ "بغیر" قلمزد ہوکر لفظ "تعبیر" تحریر ہوگا۔ اور آخر سطر میں بجائے حرف "ہو" کے حرف "ہوں" تحریر ہوگا۔

دفعہ ۹۔ دفعہ ۷ کے بعد دفعہ ۸ جدید اضافہ ہوگی جو حسب ذیل ہے۔

"دفعہ ۸۔ جملہ احکام سابقہ دربارہ متعلقہ قانون شہادت بہی کھاتجات مہاجنان منسوخ کیے جاتے ہیں۔"